B–12–C

Roll No. ..................................

Total No. of Questions : 12]

[Total No. of Printed Pages : 15

# XIIKDAR21

# 5012–C

# URDU

Time : 3 Hours]

[Maximum Marks : 100

حصہ "الف"

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) "مرزا صاحب میری اس تقریر کے دوان میں کچھ اس بے پروائی سے سگرٹ پیتے رہے کہ دوستوں کی بے پروائی پر رونے کو دل چاہ رہا تھا۔ میں نے از حد حقارت اور نفرت کے ساتھ منھ ان کی طرف



https://www.jkboseonline.com

سے پھیر لیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مرزا کو میری باتوں پر یقین ہی نہیں آتا، گویا میں اپنی جو تکالیف بیان کر رہا ہوں وہ محض خیال ہیں، یعنی میرا پیدل چلنے کے خلاف شکایت کرنا قابلِ توجہ ہی نہیں یعنی میں کسی سواری کا مستحق ہی نہیں۔ میں نے دل میں کہا، اچھا مرزا یوں ہی سہی۔ دیکھو تو میں کیا کرتا ہوں۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ii) مصنف کی تقریر کے دوران مرزا کیا کرتے رہے؟

(iii) مصنف نے کن جذبات کے ساتھ اپنا منہ پھیر لیا؟

(iv) کون سی بات مصنف کی قابل توجہ ہی نہیں ہے؟

(v) مصنف کس چیز کا مستحق ہی نہیں ہے؟



https://www.jkboseonline.com

(ب) مکان کے جس کمرے میں مرزا دن بھر بیٹھتے اُٹھتے وہ مکان کے دروازے کی چھت پر تھا اور اس کے ایک جانب ایک کوٹھری تنگ و تاریک تھی۔ جس کا دروازہ اس قدر چھوٹا تھا کہ کوٹھری میں بہت جُھک کر جانا پڑتا تھا۔ اس میں ہمیشہ فرش بچھا رہتا تھا اور مرزا اکثر گرمی اور لو کے موسم میں دس بجے سے تین چار بجے تک وہاں بیٹھتے تھے۔ ایک دن جب کہ رمضان کا مہینہ تھا اور گرمی کا موسم تھا۔ مولانا آزردہ ٹھیک دوپہر کے وقت مرزا سے ملنے کو چلے آئے۔ اس وقت مرزا صاحب اسی کوٹھری میں کسی دوست کے ساتھ چوسر یا شطرنج کھیل رہے تھے۔''

(i) جس کمرے میں مرزا دن بھر بیٹھتے تھے وہ کہاں واقع تھا؟



https://www.jkboseonline.com

(ii) کمرے کے ایک جانب کیسی کوٹھری تھی ؟

(iii) گرمی اور لو میں کب سے کب تک مرزا وہاں بیٹھتے تھے؟

(iv) دوپہر کے وقت مرزا سے کون ملنے آیا تھا؟

(v) یہ اقتباس ''مرزا غالب'' سے لیا گیا ہے، سبق ''مرزا غالب'' کس کتاب سے ماخوذ ہے؟ اور اس کا مصنف کون ہے؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب پچاس (50) سے ساٹھ (60) الفاظ میں دیجئے۔ ۲×۴=۸

(i) ''گذرا ہوا زمانہ'' میں سرسید نے کیا پیغام دیا ہے؟



https://www.jkboseonline.com

(ii) سبق ''گلی ڈنڈا'' میں کن جذبات واحساسات کی ترجمانی کی گئی ہے؟

(iii) پطرس بخاری نے جو بائیسکل مرزا سے خریدی تھی اس کا خاکہ پیش

کیجئے۔

(iv) شاہ مال نے اپنا مرغا ذبح کروانے کا ارادہ کیوں کیا؟

۳۔ ''انشائیہ'' یا ''سفرنامہ'' پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۲

۴۔ منشی پریم چند کے حالاتِ زندگی بیان کیجئے یا الطاف حسین حالؔی کی ادبی خدمات

پر روشنی ڈالئے۔ ۲

۵۔ درجِ ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور

اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ ۱۰=۲×۵

(الف) اُف یہ ناداری مرے سینے سے اُٹھتا ہے دھواں

آہ اے افلاس کے مارے ہوئے ہندوستاں

حسن ہو مجبور کنکر توڑنے کے واسطے

دستِ نازک اور پتھر توڑنے کے واسطے

فکر سے جھک جائے وہ گردن تف اے لیل ونہار

جس میں ہونا چاہئے پھولوں کا اک ہلکا سا ہار

(i) مذکورہ بالا اشعار کس نظم کے ہیں اور نظم نگار کون ہیں؟

(ii) شاعر کے سینے سے دھواں کیوں اٹھتا ہے؟

(iii) حُسن کو پتھر توڑنے کی کیا مجبوری ہے؟

(iv) پھولوں کا ہار جس گردن میں ہونا چاہئے تھا وہ کس وجہ سے جھک جاتی ہے؟

(v) مذکورہ اشعار کے دوسرے شعر کی تشریح کیجئے۔

(ب) گرتے ہی خاک پر شہِ دین کو غش آ گیا
پھر بھی نہ کوئی پیاسے کو پانی پلا گیا
خنجر لگا گیا کوئی نیزہ لگا گیا
کھولی جو آنکھ شہ نے جگر تھرتھرا گیا
سر کاٹنے کو پاؤں کسی کہ نہ بڑھ سکا
جز رنگِ زرد اور کوئی منھ نہ چڑھ سکا



https://www.jkboseonline.com

(i) مذکورہ بند صنفی اعتبار سے کیا ہے؟ اس بند کے شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(ii) خاک پر گر کر کس کو غش آ گیا؟

(iii) یزیدی فوج نے امام حسینؑ کے ساتھ کیا کیا؟

(iv) ''جز رنگ زرد'' کس شخص کے لئے استعمال ہوا ہے؟

(v) بند کے آخری شعر کی تشریح کیجیے۔

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جوابات ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں لکھیے۔ ۲×۵=۱۰

(الف) مثنوی یا قصیدہ پر نوٹ لکھیے۔



https://www.jkboseonline.com

(ب) آتش یا پروین شاکر کی شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالئے ۔

(ج) غالب یا مومن کے حالاتِ زندگی لکھئے ۔

(د) میر کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے ۔

(ہ) قصیدے کے اجزائے ترکیبی تحریر کیجئے ۔

۷۔ نظم ''ایک آرزو'' کا خلاصہ لکھئے ۔

(یا)

فیض احمد فیض یا اقبال کے حالاتِ زندگی لکھئے ۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو اصطلاحات کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کیجئے ۔ ۲×۲=۴

(i) ردیف ۔

https://www.jkboseonline.com

(ii) قافیہ۔

(iii) صنعت تجنیس۔

(iv) تضاد۔

۹۔ درج ذیل میں سے دو سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ ۱۵=۲×۷½

(الف) ''علی گڑھ تحریک'' کی علمی و ادبی خدمات کا جائزہ پیش کیجئے۔

(ب) ''ترقی پسند تحریک'' نے اردو زبان و ادب کی کس حد تک آبیاری کی؟ وضاحت سے لکھئے۔

(ج) خطوط غالب کی چند نمایاں خوبیاں تحریر کیجئے۔

(د) ''دبستانِ لکھنؤ'' کی شاعرانہ خدمات پر روشنی ڈالئے۔



https://www.jkboseonline.com

۱۰۔ اپنے چاچا کی خدمت میں آپ کے جنم دن پر خاص تحفہ بھیجنے کے لئے شکریہ کا
ایک خط تحریر کیجئے۔ ۸

(یا)

پوسٹ ماسٹر صاحب کی خدمت میں ڈاکیہ کی غیر فرض شناسی پر مشتمل ایک
درخواست لکھئے۔

۱۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر دوسو (200) الفاظ کا مضمون لکھئے۔ ۱۲

(i) کووڈ-19 کی تباہ کاریاں۔

(ii) جنگلات کے فوائد۔

(iii) کھیلوں کی اہمیت۔



https://www.jkboseonline.com

(یا)

اپنے اسکول میں منعقدہ ''یومِ والدین'' کی پروقاراورشاندارتقریب کی کاروائی

تحریر کیجیے۔

(یا)

''بھاری فرف باری'' سے ہوئی زبردست تباہی کی ایک اخباری رپورٹ

تحریر کیجیے۔

۱۲ معروضی سوالات (Objective type questions) کے چار ممکنہ جوابات

میں سے درست جواب کو چُن لیجیے۔

(i) سبق ''گذرا ہوا زمانہ'' کس صنف نثر سے تعلق رکھتا ہے؟ 1

(a) سفرنامہ۔



https://www.jkboseonline.com

(b) سوانح عمری۔

(c) انشائیہ۔

(d) افسانہ۔

(ii) سبق ''گلی ڈنڈا'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) سرسید۔

(b) پریم چند۔

(c) حالیؔ۔

(d) امین کامل۔

(iii) پطرس بخاری کا اصلی نام کیا ہے؟

(a) سیداحمدشاہ۔

Turn Over



https://www.jkboseonline.com

(b) سید محمد شاہ۔

(c) سید حمید شاہ۔

(d) سید نصیر شاہ۔

(iv) جوشؔ نے نصاب کی کون سی نظم لکھی ہے؟ 1

(a) ایک آرزو۔

(b) نیند۔

(c) حسن اور مزدوری۔

(d) شیشوں کا مسیحا۔

(v) غزل کے سب سے بہترین شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(a) مطلع۔



https://www.jkboseonline.com

(b) مقطع۔

(c) حسنِ مطلع۔

(d) شاہ بیت۔

https://www.jkboseonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 20/-
अपने पुराने पेपर्स भैजे और 20 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से

https://www.jkboseonline.com